Written/Composed by: - **SHAHZAD IFTIKHAR** Contact # 0313-5665666
Website: www.downloadclassnotes.com , E-mail: raoshahzadiftikhar@gmail.com

باب 8

علامہ اقبال......شخصیت اور شاعری کے تناظر میں

سوال: علامہ اقبال کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ ان کی شاعری میں پوشیدہ پیغام کی وضاحت کریں۔

جواب:

علامہ اقبالؒ کے حالات زندگی

شاعر مشرق علامہ اقبال کا شمار عظیم شعراء اور فلسفیوں میں کیا جاتا ہے۔ انہوں نے 1930ء میں مسلم لیگ کے سالانہ اجلاس منعقدہ الٰہ آباد سے خطاب کرتے ہوئے برصغیر میں ایک آزاد خود مختار مسلم ریاست کا تصور پیش کیا' اس طرح ان کو مفکر پاکستان کا خطاب دیا گیا۔

علامہ اقبال 9 نومبر 1877ء کو سیالکوٹ میں پیدا ہوئے۔ آپ کے والد کا نام نور محمد تھا۔ آپ نے ابتدائی تعلیم مشن ہائی سکول سیالکوٹ سے حاصل کی۔ اسی دوران علامہ میر حسن نے آپ کو فارسی اور عربی کی تعلیم سے آراستہ کیا۔ مشن ہائی سکول سے میٹرک پاس کرنے کے بعد آپ نے مرے کالج سیالکوٹ سے انٹرمیڈیٹ کیا اور بعد ازاں لاہور کے گورنمنٹ کالج سے فلسفہ کے مضمون میں ایم اے کی ڈگری لی۔ 1905ء میں آپ اعلیٰ تعلیم کے لیے یورپ چلے گئے اور قانون کی تعلیم حاصل کرنے کے بعد 1908ء میں جرمنی سے پی ایچ ڈی کی ڈگری حاصل کی۔ وطن واپس آکر آپ نے کچھ عرصہ تک گورنمنٹ کالج لاہور میں فلسفہ پڑھایا۔ کچھ عرصہ بعد آپ نے وکالت شروع کی اور سیاست میں حصہ لیا۔ 1926ء میں آپ کو پنجاب اسمبلی کا رکن منتخب کیا گیا۔ 1927ء میں انہوں نے سائمن کمیشن کیساتھ تعاون کیا۔

علامہ اقبال ایک بلند پایہ مفکر ہونے کے ساتھ ساتھ ایک اچھے شاعر بھی تھے۔ آپ نے ملی شاعری کر کے خواب غفلت میں سوئی مسلمان قوم کو جگایا اور ان کو عظمت رفتہ یاد دلا کر جذبہ حریت پیدا کیا۔

سوال: علامہ اقبال کے خطبہ الٰہ آباد 1930ء کا جائزہ لیجئے اور اس کی اہمیت کی وضاحت کیجئے۔ (2000ء)

سوال: علامہ اقبال کے خطبہ الٰہ آباد کا جائزہ لیجئے۔ (2009ء)

سوال: تحریک پاکستان میں خطبہ الٰہ آباد کی اہمیت بیان کیجئے۔ (2005ء)

سوال: خطبہ الٰہ آباد کی اہمیت اجاگر کیجئے۔ (2006ء)

جواب:

علامہ اقبال کا خطبہ الٰہ آباد

علامہ اقبال سیاسی بصیرت کے مالک تھے۔ وہ پہلے مسلم رہنما تھے جنہوں نے 1930ء میں آل انڈیا مسلم لیگ کی صدارت کرتے ہوئے الٰہ آباد میں جو خطبہ دیا' اس میں باقاعدہ ایک سیاسی پلیٹ فارم سے برصغیر کے مسلمانوں کے لیے ایک الگ آزاد وطن کا تصور پیش کیا۔ اقبال نے یہ خطبہ دسمبر 1930ء میں دیا۔ آپ نے اپنے صدارتی خطاب میں فرمایا کہ

> ''میں چاہتا ہوں کہ پنجاب' شمال مغربی سرحدی صوبہ سندھ اور بلوچستان کو ملا کر ایک ریاست کی شکل دی جائے۔ برطانوی حکومت کے اندر یا باہر خود مختار حکومت مجھے شمال مغربی ہند کے مسلمانوں کا مقدر دکھائی دیتی ہے۔ مسلم ریاست کا میرا یہ مطالبہ ہندوستان اور اسلام دونوں کے لیے مفید ہوگا۔ ہندوستان کو اس سے حقیقی امن اور سلامتی مل جائے گی جو قوتوں کے توازن کا قدرتی نتیجہ ہوگی اور اسلام کو ایسا موقع فراہم ہوگا جس سے وہ داغ مٹ جائے جو عرب ملوکیت نے اس پر لگا رکھا ہے۔ مسلمان کسی ایسی تبدیلی کو قبول نہیں کریں گے جس کے تحت وہ پنجاب اور بنگال میں جداگانہ

www.downloadclassnotes.com

انتخاب کے ذریعے اکثریت حاصل نہ کرسکیں یا مرکزی مجلس قانون ساز میں ان کو 13 فیصد نشستیں نہ ملیں۔"

خطبہ الٰہ آباد کے اہم نکات:

خطبہ الٰہ آباد کے اہم نکات درج ذیل ہیں:

(i) اسلام ایک آفاقی مذہب

علامہ اقبال نے اپنے خطبہ میں فرمایا کہ اسلام ایک آفاقی تہذیب ہے جو کہ ہر قوم، ہر فرقے اور سب زمانوں کے لیے ہے۔ آپ نے فرمایا کہ یورپ والے اس نتیجے پر پہنچے ہیں کہ مذہب فرد کا ذاتی معاملہ ہے اور اس کا انسان کی دنیاوی زندگی سے کوئی تعلق نہیں مگر اسلام انسان کی وحدت کو روح اور مادے میں تقسیم نہیں کرتا۔

(ii) انسانی گروہوں کا براعظم:

علامہ اقبال نے ہندوستان کو ایک چھوٹے براعظم سے تشبیہ دی اور کہا کہ یہ انسانی گروہوں کا براعظم ہے جس کا تعلق مختلف نسلوں سے ہے، جو مختلف زبانیں بولتے ہیں اور جن کا مذہب الگ الگ ہے۔

(iii) دوقومی نظریہ:

الٰہ آباد کے خطبہ میں علامہ اقبال نے بتایا کہ ہندو اور مسلمان برصغیر کی دو بڑی قومیں ہیں اور دنیا میں ہندوستان سب سے بڑا مسلم اکثریتی خطہ ہے، اس لیے مسلمانوں کو اپنے لیے ایک الگ آزاد ملک کا مطالبہ کرنے کا حق حاصل ہے۔

(iv) الگ آزاد مسلم ریاست:

علامہ اقبال نے اپنے خطبہ میں مسلمانوں کے لیے الگ آزاد مسلم ریاست کا تصور پیش کیا۔ یہ ریاست پنجاب، سرحدی صوبہ، سندھ اور بلوچستان پر مشتمل تھی۔ اس سلسلے میں اقبال نے فرمایا کہ

> "میں چاہتا ہوں کہ پنجاب، شمال مغربی سرحدی صوبہ، سندھ اور بلوچستان کو ملا کر ایک ریاست کی شکل دی جائے۔ برطانوی حکومت کے اندر یا باہر خود مختار حکومت مجھے شمال مغربی ہند کے مسلمانوں کا مقدر دکھائی دیتی ہے۔

اس طرح عظیم فلسفی شاعر نے اپنی سیاسی بصیرت سے 1947ء میں تقسیم ہند سے سترہ سال قبل ہی مستقبل کے پاکستان کے خدوخال کا تعین کر دیا۔ اس طرح وہ حقیقی طور پر مفکر پاکستان کہلانے کے حقدار بن گئے۔

حصہ معروضی

☐ ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات دیئے گئے ہیں۔ درست جواب پر نشان (✓) لگائیے۔

-1 دسمبر 1930ء میں آل انڈیا مسلم لیگ کا سالانہ اجلاس کس شہر میں منعقد کیا گیا؟
(الف) دہلی (ب) لکھنؤ (ج) الٰہ آباد ✓ (د) لاہور

-2 علامہ اقبال نے آل انڈیا مسلم لیگ کے کس جلسہ کی صدارت کی؟
(الف) لاہور 1928ء (ب) دہلی 1926ء (ج) بمبئی 1936ء (د) الٰہ آباد 1930ء ✓

-3 آل انڈیا مسلم لیگ کے سالانہ اجلاس منعقدہ دسمبر 1930ء (الٰہ آباد) کی صدارت کس مسلم شخصیت نے کی؟
(الف) محمد علی جناح (ب) علامہ اقبال ✓ (ج) چوہدری رحمت علی (د) راجہ آف محمود آباد

-4 علامہ اقبال نے اپنے خطبہ الٰہ آباد میں کس ملک کو انسانوں کے براعظم سے تشبیہ دی؟
(الف) چین (ب) روس (ج) ہندوستان ✓ (د) ترکی

-5 علامہ اقبال کو مصور پاکستان کا خطاب دیا گیا کیونکہ انہوں نے برصغیر میں مسلمانوں کے لیے ایک الگ آزاد ریاست کا تصور پیش کیا۔

یہ ریاست کن علاقوں پر مشتمل تھی؟
(الف) شمالی علاقہ جات (ب) شمالی مغربی علاقوں ✓ (ج) وسطی صوبوں (د) مشرقی صوبوں

-6 علامہ اقبال نے دسمبر 1930ء میں اپنے خطبہ الٰہ آباد میں ایک الگ آزاد مسلم ریاست کا تصور پیش کیا۔ اس سے پہلے کس شخصیت نے پاکستان نیشنل موومنٹ کی بنیاد رکھی تھی؟
(الف) سید امیر علی (ب) چوہدری رحمت علی ✓ (ج) مولانا محمد علی جوہر (د) قائداعظم محمد علی جناح

-7 علامہ اقبال نے اپنی ابتدائی تعلیم مشن ہائی سکول سیالکوٹ سے حاصل کی۔ اس دوران انہوں نے کس عالم سے فارسی اور عربی کی تعلیم حاصل کی؟
(الف) عبدالحکیم سیالکوٹی (ب) مولانا منظور چنیوٹی (ج) سید سلیمان ندوی (د) **مولانا میر حسن** ✓

-8 علامہ اقبال نے گورنمنٹ کالج لاہور سے کس مضمون میں ایم اے کیا؟
(الف) فلسفہ ✓ (ب) نفسیات (ج) اردو ادب (د) فارسی ادب

-9 علامہ اقبال کو کس سن میں پنجاب قانون ساز اسمبلی کا رکن منتخب کیا گیا؟
(الف) 1924ء (ب) 1925ء **(ج) 1926ء** ✓ (د) 1927ء

-10 علامہ اقبال ایک عظیم انقلابی شاعر تھے۔ آپ کی شاعری کا مجموعہ بانگ درا کس سن میں منظر عام پر آیا؟
(الف) 1914ء **(ب) 1924ء** ✓ (ج) 1931ء (د) 1934ء

-11 مندرجہ ذیل میں سے کون سی تصنیف علامہ اقبال کی نہیں ہے؟
(الف) پیام مشرق (ب) بالِ جبریل **(ج) زبور مغرب** ✓ (د) ضرب کلیم

-12 علامہ اقبال نے تصور پاکستان کہاں پیش کیا؟
(الف) خطبہ الٰہ آباد ✓ (ب) لکھنؤ پیکٹ میں (ج) گول میز کانفرنس میں (د) شملہ کانفرنس میں

-13 شاعر مشرق علامہ اقبال کہاں پیدا ہوئے؟
(الف) لاہور **(ب) سیالکوٹ** ✓ (ج) کراچی (د) کوئٹہ

-14 علامہ اقبال 1926ء میں کون سے حلقے سے صوبائی اسمبلی کے رکن منتخب ہوئے؟
(الف) سیالکوٹ (ب) کراچی **(ج) لاہور** ✓ (د) دہلی

-15 ڈاکٹر اقبال کو علمی فضیلت کے اعتراف میں ''سر'' کا خطاب کب ملا؟
(الف) 1919ء (ب) 1920ء (ج) 1921ء **(د) 1922ء** ✓

-16 علامہ اقبال نے اعلیٰ تعلیم کہاں سے حاصل کی؟
(الف) جرمنی ✓ (ب) ایران (ج) امریکہ (د) اٹلی

-17 علامہ اقبال کس سن میں سپین گئے؟
(الف) فروری 1931ء **(ب) جنوری 1933ء** ✓ (ج) مارچ 1934ء (د) فروری 1935ء

-18 قائداعظم کے نام لکھے گئے علامہ اقبال کے خطوط کا مجموعہ کس سن میں شائع کیا گیا؟
(الف) 1948ء میں (ب) 1950ء میں **(ج) 1949ء میں** ✓ (د) 1951ء میں

-19 علامہ اقبال روم (اٹلی) کب گئے؟

(الف) 1934ء (ب) 1933ء (ج) 1932ء (د) 1931ء ✓

-20 جنوری 1933ء میں علامہ اقبال نے کس ملک کا دورہ کیا؟
(الف) سپین ✓ (ب) یونان (ج) فرانس (د) روس

-21 علامہ اقبال پہلی بار 1905ء میں کس ملک گئے؟
(الف) جرمنی (ب) انگلستان ✓ (ج) سویڈن (د) اٹلی

-22 علامہ اقبال کے والد محترم کا نام کیا تھا؟
(الف) شیخ اسماعیل (ب) شیخ یعقوب (ج) شیخ نور محمد ✓ (د) شیخ شفیع محمد

-23 علامہ اقبال کب پیدا ہوئے؟
(الف) 1875ء (ب) 1874ء (ج) 1876ء (د) 1877ء ✓

-24 علامہ اقبال کی والدہ محترمہ کا کیا نام تھا؟
(الف) امام بی بی ✓ (ب) مریم بی بی (ج) بلقیس بی بی (د) آمنہ بی بی

-25 ڈاکٹر جاوید اقبال کی والدہ کا کیا نام تھا؟
(الف) مختار بیگم (ب) سردار بیگم ✓ (ج) کریم بی بی (د) حاجرہ

-26 علامہ اقبال نے کتنی شادیاں کیں؟
(الف) دو (ب) چار (ج) تین ✓ (د) ایک

-27 علامہ اقبال کس سن میں فوت ہوئے؟
(الف) 1936ء (ب) 1937ء (ج) 1940ء (د) 1938ء ✓

-28 علامہ کس شہر میں دفن ہیں؟
(الف) لاہور ✓ (ب) سیالکوٹ (ج) گوجرانوالہ (د) شیخوپورہ

❑ مندرجہ ذیل سوالات کے مختصر جوابات لکھئے۔

سوال1: علامہ اقبال کے خاندان پر روشنی ڈالیے۔
جواب: علامہ اقبال کے والد کا نام شیخ نور محمد تھا۔ آپ کے دادا کا نام شیخ محمد رفیق تھا۔ علامہ اقبال کے ایک بھائی تھے جن کا نام شیخ عطا محمد تھا۔ علامہ اقبال کی والدہ کا نام امام بی بی تھا۔

سوال2: علامہ اقبال کی پیدائش اور ابتدائی تعلیم کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟
جواب: علامہ اقبال 9 نومبر 1877ء کو سیالکوٹ کے محلّہ چوڑی گراں میں پیدا ہوئے۔ آپ نے میٹرک مشن ہائی سکول سیالکوٹ سے کیا اور ایف اے مرے کالج سیالکوٹ سے کیا۔ آپ نے عربی اور فارسی کی تعلیم مولوی میر حسن سے حاصل کی۔

سوال3: علامہ اقبال نے اعلیٰ تعلیم کہاں سے حاصل کی؟
جواب: علامہ اقبال نے گورنمنٹ کالج لاہور سے ایم اے پاس کیا اور لنکن ان لندن سے بیرسٹری کا امتحان پاس کیا۔ اس کے بعد آپ جرمنی چلے گئے جہاں میونخ یونیورسٹی نے ان کو پی ایچ ڈی کی ڈگری عطا کی۔

سوال4: علامہ اقبال کی کتب کی تفصیل قلمبند کریں۔
جواب: اسرار خودی 1915ء، رموز بے خودی 1918ء پیام مشرق 1923ء بانگ درا 1924ء، زبور عجم 1927ء، بال جبریل 1935ء؛ ضرب کلیم 1936ء، علم الاقتصاد 1903ء؛ The Development of Metaphysics in Persia 1908ء؛ اسرار خودی 1915ء؛ رموز بے خودی 1918ء؛ پیام مشرق 1923ء؛ بانگ درا 1924ء؛ زبور عجم 1927ء؛ Reconstruction of Religious Thoughts in Islam 1930ء؛ جاوید نامہ 1932ء؛ بال جبریل 1935ء؛ پس چہ باید کرد اے اقوام مشرق 1936ء؛ ضرب کلیم، مسافر 1936ء؛ ارمغان حجاز 1938ء۔

سوال5: علامہ اقبال کا فلسفہ خودی کیا ہے؟

جواب: علامہ اقبال نے مسلمانوں کو خواب غفلت سے جگانے کے لیے خودی کا فلسفہ پیش کیا۔ ان کے نزدیک خودی غیرت مندی 'انا' خودداری اور حرکت کا نام ہے۔ یہ خود بینی اور خدا بینی دونوں پر مشتمل ہے۔ خودی اپنے آپ کو اور خدا کو سمجھنے میں مدد دیتی ہے۔ خودی اگر زندہ ہو تو فقیر بھی شہنشاہ بن جاتا ہے اور بندہ خود تقدیر یزداں کا درجہ حاصل کر لیتا ہے۔

سوال 6: اقبال کے فلسفہ بے خودی پر روشنی ڈالئے۔

جواب: علامہ اقبال نے جب اپنا فلسفہ خودی پیش کیا تو اس پر نقادوں نے تنقید کرتے ہوئے کہا کہ اس فلسفہ نے فرد کو ملت پر فوقیت دیدی ہے۔ اقبال نے اس کے جواب میں اپنی کتاب رموز بے خودی میں فلسفہ بے خودی پیش کیا۔ اس میں کہا گیا کہ کمال حاصل کرنے کے لیے فرد کو ملت کی ضرورت ہوتی ہے تاہم ملت کا حصہ بن کر فرد کی انفرادیت قائم رہتی ہے بقول اقبال

فرد تا اندر جماعت گم شود
قطرہ وسعت طلب قلزم شود

سوال 7: علامہ اقبال کے والد نے کس سن میں وفات پائی؟

جواب: شیخ نور محمد نے 1930ء میں وفات پائی۔

سوال 8: علامہ اقبال کی والدہ نے کس سن میں وفات پائی؟

جواب: امام بی بی نے 1914ء میں وفات پائی۔

سوال 9: امام بی بی (والدہ علامہ اقبال) کہاں مدفون ہیں؟

جواب: امام بی بی قبرستان بی بی پاک دامن لاہور میں مدفون ہیں۔

سوال 10: علامہ اقبال نے کتنی شادیاں کیں؟

جواب: علامہ اقبال نے تین شادیاں کیں۔

سوال 11: علامہ اقبال کی بیویوں کے نام بتائیے۔

جواب: کریم بی بی' سردار بیگم' مختار بیگم۔

سوال 12: ڈاکٹر جاوید اقبال کی والدہ کا نام بتائیے۔

جواب: ڈاکٹر جاوید اقبال سردار بیگم کے بطن سے ہیں۔

سوال 13: علامہ اقبال کی کتاب اسرار خودی میں کتنے اشعار ہیں؟

جواب: اسرار خودی 820 اشعار پر مشتمل ہے۔

سوال 14: علامہ اقبال کے فارسی مجموعوں کے نام لکھیے۔

جواب: اسرار خودی' رموز بے خودی' پیام مشرق' زبور عجم' جاوید نامہ' پس چہ باید کرد اے اقوام مشرق اور ارمغان حجاز (ایک حصہ)۔

سوال 15: قائداعظم کے نام لکھے گئے علامہ اقبال کے خطوط کا مجموعہ کس سن میں شائع کیا گیا؟

جواب: خطوط کا یہ مجموعہ 1949ء میں شائع کیا گیا۔

سوال 16: علامہ اقبال نے پہلی بار انگلستان کا دورہ کس سن میں کیا؟

جواب: علامہ اقبال پہلی بار 1905ء میں انگلستان گئے۔

سوال 17: علامہ اقبال کس سن میں روم گئے؟

جواب: علامہ اقبال نومبر 1931ء میں روم (اٹلی) گئے۔

سوال 18: علامہ اقبال نے کس سن میں مصر کا سفر کیا؟

جواب: علامہ اقبال نے دسمبر 1931ء میں مصر کا دورہ کیا۔

سوال 19: علامہ اقبال نے کس سن میں فرانس میں ہنری برگساں سے ملاقات کی؟

جواب: 31 دسمبر 1932ء۔

سوال 20: علامہ اقبال نے سپین کا دورہ کب کیا؟ جواب: جنوری 1933ء میں۔

......☆......

www.downloadclassnotes.com